PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی نے ملازمت سے برخاستگی کے نوٹسزواپس لے لیے

لاہور، 5 جون 2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے 55 اسٹاف اراکین کو رواں ہفتے جاری کیے گئے ملازمت سے برخاستگی کے نوٹسز واپس لے لیے ہیں۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہے کہ وسیع پیمانے پر اسٹاف کا زیادہ ہونا موجودہ بورڈ کے لیے طویل مدتی پائیداری کا مسئلہ ہے۔انہوں نے کہا کہ تبدیلی کے لیے وقت کا چناؤ بہت اہم ہوتا ہے لہٰذااس عمل سے متعلق اپنائے گئے طریقہ کار اور ذرائع مواصلات میں بہتری کی ضرورت تھی۔

وسیم خان نے کہا کہ ایک ذمہ دار ادارے کی حیثیت سے ہم نے اپنے فیصلےکا دوبارہ جائزہ لینے کے بعد اس پرفوری نظرثانی کی ہے۔

تاہم اس دوران پی سی بی اپنی ری اسٹرکچرنگ کا عمل جاری رکھے گا اور اس حوالے سے اپنے ملازمین کی معقول تعداد کویقینی بنانے کے لیےمقررہ وقت پر ضروری فیصلے کرے گا۔ملک بھر میں پی سی بی کے کُل ملازمین کی تعداد 710 ہے۔ جس میں سے361 لاہور اور 70 کراچی میں ملازمت سرانجام دے رہے ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

HELP PREVENT CORONAVIRUS

Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4